سوال

(1095)عریاں فلمیں اور تصاویر دیکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورت کے لیے جائز ہے کہ رسائل یا فلموں وغیرہ میں عریاں تصاویر دیکھیے؟ (بلیو پرنٹ فلموں کا حکم)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اجنبی عورت کی عریاں تصاویر دیکھنا جائز نہیں ہے اور نہ ایسی فلمیں یا رسائل خریدنا جائز ہے جن میں ایسی تصویریں ہوں۔ بلکہ انہیں جلا کر ضائع کر دینا چاہیئے تاکہ یہ برائی اور فحش کاری پھیلنے نہ پائے۔ یہ رسائل اور فلمیں پھیلانے کے بڑے اسباب اور ذرائع ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 769

محدث فتویٰ